4311CH09

9 کتنی بار؟

پیروں والے جانور

یہاں 5 بکریاں ہیں۔

ان سبھی کے ملا کر کتنے پیر ہوں گے؟

$4+4+4+4+4=20$

5 بار 4 برابر 20 ہوتا ہے

یا $5 \times 4=20$

یہاں کتنی مکڑیاں ہیں؟

ایک مکڑی کے ______ پیر ہوتے ہیں۔

سبھی مکڑیوں کے پیر ملا کر ______ 3 گُنا۔

یا ____ = ___ + ___ + ___

یا ____ = ____ × 3

کیا آپ ڈھیر سارے پیروں والے ان حضرت کو جانتے ہیں؟

یہ ایک آکٹوپس ہے؟ یہ سمندر میں رہتا ہے۔

اس کے بھی آٹھ پیر ہوتے ہیں۔ 5 آکٹوپس کے کل کتنے پیر ہوں گے؟

+ ___ + ___ + ___ + ___ + ___ + ___ + ___ = ____

یا 5 گنا ____ = ____

یا 5 × ____ = ____

آؤ ملاؤ۔ ہاتھ، ہاتھ،..................

بنا گنے عدد معلوم کیجیے۔

اس باغیچہ میں کتنے پھول ہیں؟

یہاں 4 کھڑی کیاریاں ہیں۔ ہر کیاری میں 6 پھول ہیں۔

اس لیے اس باغیچہ میں 6 کے 4 گُنا پھول ہیں۔

$6+6+6+6=24$

یا $4\times6=24$

آیئے ایک اور طریقے سے کرتے ہیں۔ اس باغیچہ میں 6 قطاریں ہیں۔ ہر قطار میں 4 پھول ہیں۔ کل ملا کر اس باغیچہ میں 4 کے 6 گُنا پھول ہیں۔

$4+4+4+4+4+4=24$

یا $6\times4=24$

اسی طرح بتایئے یہ کل کتنی بوتلیں ہیں؟

____ گُنا ____ = ____ بوتلیں۔

کتنے انڈے ہیں؟

____ گُنا ____ = انڈے

مشق کا وقت

A. + کے نشان کو استعمال کر کے دوبارہ لکھیے

5×2 برابر ہے 2 کا 5 گُنا یا 5+5

18×4 برابر ہے ___ کا 4 گُنا یا ___ + ___ + ___ + ___

20×3 برابر ہے ___ کا 3 گُنا یا ___ + ___ + ___

9×8 برابر ہے ___ کا 9 گُنا یا ___ + ___ + ___ +

___ + ___ + ___ + ___ + ___ + ___

B. بتائیے کہ یہ کتنی بار ہے!

9 + 9 + 9 + 9 + 9 + 9	= 6 × 9	= 54
4 + 4 + 4 + 4 + 4	= 5 × 4	= 20
8 + 8 + 8	= ___ × 8	= ___
3 + 3 + 3 + 3 + 3	= 5 × ___	= ___
30 + 30 + 30	= ___ × ___	= ___
7 + 7 + 7 + 7 + 7 + 7	= ___ × ___	= ___
12 + 12 + 12 + 12	= ___ × 12	= ___
6 + 6 + 6	= ___ × ___	= ___
10 + 10 + 10 + 10	= ___ × ___	= ___
2 + 2 + 2 + 2 + 2	= ___ × ___	= ___
6 + 6 + 6 + 6 + 6 + 6 + 6	= ___ × ___	= ___

C. راموؔ نے بسکٹ کے 4 پیکٹ خریدے۔ ہر پیکٹ میں 4 بسکٹ ہیں۔
بتائیے راموؔ نے کل کتنے بسکٹ خریدے؟

D. کلاس میں 12 ڈیسک ہیں۔ ہر ڈیسک کے چار پیر ہیں۔ بتائیے
کلاس میں ڈیسکوں کے کل کتنے پیر ہیں؟

E. صبیحہ نے گھر کے لیے پھولوں کے 3 گلدستے خریدے۔
ہر گلدستے میں 4 پھول ہیں۔ بتائیے کل کتنے پھول ہوں گے؟

F. ایک ریل کے ڈبے کے 8 پہیے ہوتے ہیں۔ بتائیے 6 ڈبوں میں کل
کتنے پہیے ہوں گے؟

جب بچے عبارتی سوال حل کریں تو ان سے بات ضرور کرنی چاہئے کہ وہ کس طرح اپنے جوابات تک پہنچے۔ صرف صحیح جواب نہیں، عمل اہم ہے اس سے بچوں میں ضرب کے تصور کی سمجھ پیدا ہوگی۔

2 کا کتنا گُنا؟

1 گُنا 2	2 ہے	یا	1 × 2= 2
2 گُنا 2	4 ہے	یا	2 × 2= 4
3 گُنا 2	6 ہے	یا	3 × 2= 6
4 گُنا 2	___ ہے	یا	4 × 2= ___
5 گُنا 2	___ ہے	یا	5 × 2= ___
6 گُنا 2	___ ہے	یا	6 × 2= ___
___ گُنا 2	___ ہے	یا	___ × 2= ___
___ گُنا ___	___ ہے	یا	8×2= ___
___ گُنا ___	___ ہے	یا	9 × 2= ___
___ گُنا ___	___ ہے	یا	10 × 2= ___

میرے ساتھ کودیے

ٹرّو مینڈک ہر چھلانگ میں 3 قدم کوُدتا ہے۔
ٹرّو کون کون سے عدد پر کوُدتا ہوا جائے گا؟

1×3

2×3

3×3

4×3

5×3

6×3

7×3

8×3

9×3

10×3

11×3

12×3

13×3

14×3

15×3

سات قدموں کی چھلانگ دکھائیے

2019-20

تیلیوں کا کھیل

مٹھو کے پاس کچھ تیلیاں ہیں۔

اس نے ان تیلیوں کو کچھ اس طرح سے لگایا

1 بار 5=5

2 بار 5=10

3 بار 5=15

4 بار 5=20

پھر اس نے گنتی کی کہ تمام تیلیاں ایک دوسرے کو کتنی بار کاٹتی ہیں۔

اس نے دیکھا کہ

4 گُنا 5 = 5×4 = 20

چلیے 2 کا پہاڑا بناتے ہیں:

$1 \times 2 = 2$

$2 \times 2 = 4$

$3 \times 2 = 6$

$4 \times 2 =$

$5 \times 2 =$

$6 \times 2 =$

$7 \times 2 =$

$8 \times 2 =$

$9 \times 2 =$

$10 \times 2 =$

بچوں کو 16 اور 24 تیلیاں بھی دی جاسکتی ہیں انہیں 16 تیلیوں کے لیے 2×8، 8×2، 4×4 جیسی سجاوٹ اور 24 تیلیوں کے لیے 12×2، 8×3، 6×4، 4×6، 3×8، 2×12 جیسی سجاوٹ کرنے دیا جائے۔

اب 6 کا پہاڑا بنانے کے لیے تیلیاں سجائیں:

پہاڑوں کا استعمال خرید وفروخت میں کریں

ان چیزوں کی قیمتیں کیا ہوں گی؟

4 ٹافیوں کی قیمت ______ روپے

(اشارہ = 4×2)

3 پنسل کے ڈبوں کی قیمت ______ روپے

10 پنسل کے ڈبوں کی قیمت ______ روپے

9 غُباروں کی قیمت ______ روپے

2019-20

5 کھلونوں کی قیمت ________ روپے

7 مکھوٹوں کی قیمت ________ روپے

مشق کا وقت

A. مندرجہ ذیل کو مکمل کیجیے

$2 \times 7 =$ ______ $3 \times 9 =$ ______

$4 \times 9 =$ ______ $5 \times 2 =$ ______

$5 \times 8 =$ ______ $3 \times 10 =$ ______

$10 \times 6 =$ ______ $2 \times 8 =$ ______

$5 \times 9 =$ ______ $10 \times 8 =$ ______

B. پیٹرن کو دیکھیے اور ان کو مکمل کیجیے۔

3, 6, 9, ______ , ______ , ______

2,4, 6, ______ , ______ , ______

10, 20, 30, ______ , ______ , ______

4, 8, 12, ______ , ______ , ______

5, 10, 15, ______ , ______ , ______

30, 60, 90, ______ , ______ , ______

C. ضرب کے درخت کو مکمل کیجیے

10
2 × 5
5 × 2
10 × 1

12
×
×
×
×

18
×
×
×
×

35
×
×
×

24
×
×
×
×
×

36
×
×
×
×
×

45
×
×
×
×

80
80×10
16×5
4×20
2×40
1×80

D. کل ملا کر کتنے؟

* ایک الماری میں 4 خانے ہیں۔
اس کے ہر خانے میں 5 کتابیں ہیں۔
الماری میں کل کتنی کتابیں ہیں؟
$5 \times 4 = 20$ کتابیں

* ایک قمیص میں 5 بٹن ہیں۔
3 قمیصوں میں کل کتنے بٹن ہوں گے۔

* یہ 4 پنکھے ہیں۔ ہر پنکھے میں 3 پنکھڑیاں ہیں۔
کل ملا کر کتنی پنکھڑیاں ہوں گی۔

* ایک ڈبے میں 6 سیب ہیں۔ 7 ڈبوں میں کل کتنے سیب ہوں گے؟

* 4 مثلثوں کے کتنے کونے ہوں گے؟

E. جلدی بتائیے:

8 × 3 = ____	5 × ___ = 35
3 × ___ = ____	___ × 6 = 36
___ × ___ = 42	10 × ___ = ___
5 × ___ = 40	___ × 9 = 36
___ × ___ = 54	___ × 7 = 28

1 کا پہاڑہ

ایک بار ایک ہے یا	$1 = 1\times1$
دو بار ایک ہے یا	$2 = 2\times1$
تین بار ایک ہے یا	____ = 3× ____
____ بار ایک ہے یا	____ = ____ × ____
____ بار ایک ہے یا	____ = ____ × ____
____ بار ایک ہے یا	____ = ____ × ____
____ بار ایک ہے یا	____ = ____ × ____

بڑے اعداد کی ضرب

A. کلاس کے ہر بچے کو دو ٹافیاں دی گئیں۔ اگر کلاس میں 34 بچے ہیں تو ان سبھی کو کل ملا کر کتنی ٹافیاں دی گئیں؟

کلاسوں میں کل حاضر بچے = 34

ہر بچے کو 2 ٹافیاں ملیں۔

تو دی گئی ٹافیوں کی کل تعداد ہے 34×2

ہم 34 ضرب 2 کیسے
معلوم کریں

مجھے معلوم ہے

بھارتی نے ایسے لکھا

	30	4
2		

دیکھو، 34 ہے 30
اور 4۔ ٹھیک ہے؟

یہ کیا ہے؟

پھر بھارتی نے ایسے لکھا

	30	4
2	2×30 **60**	2×4 **8**

30 بار 2 ہوا 60
اور 4 بار 2 ہوا 8

لیکن جواب کیا ہوا؟

بس دونوں اعداد کو جمع کیجیے اور لیجیے
مل گیا جواب 68=8+60 کل

کیا بات ہے۔ یہ تو
آسان طریقہ ہے۔

B. ایک دن پکنک پر 23 بچے گئے وہاں ہر ایک کو 4 پھل دیئے گئے ۔ بتائیے کل کتنے پھل بانٹے گئے ۔

پکنک پر گئے بچوں کی تعداد = 23

ہر بچہ کو دیئے گئے پھلوں کی تعداد = 4

پھلوں کی کل تعداد = 23 × 4

آیئے ہم بھی اسے بھارتی کے بتائے طریقے سے حل کریں۔

	20	3
4	20×4 **80**	3×4 **12**

80 اور 12 کو جمع کرنے سے آتا ہے۔

$$\begin{array}{r} 80 \\ +12 \\ \hline 92 \end{array}$$

تو 23 بار 4 ہوا 92 ۔

اس سبق میں کرائی گئی سرگرمیوں کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ بچوں میں ضرب کی سمجھ کا تصور پیدا ہو سکے۔ بڑے اعداد کی ضرب کو سکھانے کا جو عام چلن ہے جو وہ شاید کارگر تو لگتا ہے لیکن اس کو بڑھا دینے سے بچوں کی آموزش میں حقیقتاً رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ دو ہندسی اور تین ہندسی اعداد سے متعلق بچوں میں بڑھتے ہوئے شعور کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے یہ طریقہ اپنایا ہے۔ بچوں کو اس بات کا بڑھاوا دینا چاہیئے کہ وہ سوالوں کے جوابات کا اندازہ لگا سکیں۔

مشق کا وقت:

A۔ ضرب کیجیے۔

✤ $43 \times 2 =$	✤ $22 \times 3 =$
✤ $24 \times 2 =$	✤ $21 \times 4 =$
✤ $30 \times 5 =$	✤ $11 \times 5 =$
✤ $23 \times 9 =$	✤ $20 \times 4 =$
✤ $38 \times 2 =$	✤ $26 \times 4 =$
✤ $24 \times 5 =$	✤ $25 \times 3 =$
✤ $48 \times 4 =$	✤ $35 \times 3 =$
✤ $58 \times 2 =$	✤ $32 \times 5 =$

B۔ پہلے جواب کا اندازہ لگائیے پھر حل کیجیے۔

- پھولوں کے ایک گلدستے میں 13 پھول ہیں۔ ہر پھول کی پانچ پتیاں ہیں۔ گلدستہ میں کل کتنی پتیاں ہیں؟

- ایک کتاب میں 64 صفحے ہیں۔ ایسی 8 کتابوں میں کل کتنے صفحات ہوں گے۔

- اسکول کے ترانے میں بچے قطاروں میں کھڑے ہیں۔ یہاں بچوں کی 6 قطاریں ہیں۔ ہر قطار میں 17 بچے ہیں۔ کل بچوں کی تعداد بتائیے۔

کپڑے کے ایک ٹکڑے میں 17 نمونے بنے ہیں۔ ہر نمونے میں 3 پھول ہیں۔اس کپڑے میں کل کتنے پھول ہوں گے؟

23 درجن میں کتنے ہوں گے؟

بہت ساری چیزوں کو درجن میں بیچا جاتا ہے جیسے چوڑیاں اور کیلے اکثر درجن میں بکتے ہیں۔

ایک درجن کیلے مطلب ہے 12 کیلے

اس لئے 23 درجن کیلوں میں 23×12 کیلے

اس کے بعد بھارتی نے کچھ ایسے لکھا۔

	20	3
10	20×10 **200**	3×10 **30**
3	20×2 **40**	3×2 **6**

پھر بھارتی ایسے لکھا

```
 200
  40
  30
  +6
 ---
 276
```

ہر خانے کی اعداد کو جمع کیا اور جواب مل گیا۔

واہ! بالکل ٹھیک
23×12 = 276

اس لئے 23 درجن کیلوں کا مطلب ہے 276 کیلے۔

پہلے جواب کا اندازہ لگایئے۔

اب 43×13 کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

43 ہوئے 40 اور 3

13 ہوئے 10 اور 3

	40	3
10	40×10 **400**	3×10 **30**
3	40×3 **120**	3×3 **9**

اب دیکھئے خانوں میں کون سے اعداد لکھے ہیں؟

2019-20

اب اعداد کو جمع کیجیے:

$$\begin{array}{r} 400 \\ 120 \\ 30 \\ +\ 9 \\ \hline 559 \\ \hline \end{array}$$

اس لئے $43 \times 13 = 559$

مشق کا وقت

پہلے جواب کا اندازہ لگائیے پھر اسے ضرب کرکے دیکھئے کہ آپ کا اندازہ کتنا صحیح ہے۔

$42 \times 23 =$ ______ $73 \times 11 =$ ______

$51 \times 13 =$ ______ $54 \times 12 =$ ______

$25 \times 36 =$ ______ $12 \times 14 =$ ______

ضرب کے نمونے

$9 \times 1 = 9$	
$9 \times 2 = 18$	$1 + 8 = 9$
$9 \times 3 = 27$	$2 + 7 = 9$
$9 \times 4 = 36$	$3 + 6 = 9$
$9 \times 5 = 45$	$4 + 5 = 9$
$9 \times$ ___ $=$ ______	______ + ___ = ______
$9 \times$ ___ $=$ ______	______ + ___ = ______
$9 \times 8 =$ ______	______ + ___ = ______

کیا آپ 9 کے پہاڑے میں یہ پیٹرن پہچان پائے؟

پہاڑوں کے نمونوں کا جتنا زیادہ مشاہدہ کریں گے اتنی ہی عددی نظام کی سمجھ پیدا ہوگی۔

B۔اعداد کو ضرب کر کے خاکہ کو مکمل کیجیے۔

×	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
1	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
2	2	4	6	8	10	12	14	16	18	20
3	3	6	9	12	15	18	21	24	27	30
4										
5										
6										
7										
8										
9										
10										

اپنے خاکہ میں بنے کراس پر غور کریں۔

اوپر سے نیچے تک کے اعداد کو جمع کیجیے۔

3+6+9=18

بائیں سے دائیں تک کے اعداد کو جمع کیجیے۔

4+6+8=18

ہر بار جوڑ برابر ہے۔

ایسے ہی اور دوسرے کراسوں کو ڈھونڈیے اور اعداد کو اپنی کاپی میں لکھیے۔

C. ❋ اوپر دیئے گئے اعداد میں 10 - 1 تک کے اعداد کو ایک رنگ سے رنگیے۔

❋ 12-20 تک کے اعداد کو دوسرے رنگ سے رنگیے۔

❋ اسی طرح 30-21 تک کے اعداد کو تیسرے رنگ سے رنگیے۔

خالی جگہ پر اپنی پسند کا کوئی پہاڑا لکھیے۔